**03.06.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں محمد عمار
**Music**

---

☆ کل لوک سبھا انتخابات کے ووٹوں کی گنتی کیلئے سبھی انتظامات کر لئے گئے ہیں۔ کل ہی آندھرا پردیش اور اوڈیشہ کے اسمبلی چناؤ کے ووٹوں کی گنتی بھی کی جائے گی۔

☆ ملک میں لوک سبھا انتخابات میں 64 کروڑ 20 لاکھ رائے دہندگان نے حصہ لیا، جو کہ ایک عالمی ریکارڈ ہے۔ 31 کروڑ 20 لاکھ خاتون ووٹرس نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا، جو دنیا میں اب تک کی سب سے بڑی تعداد ہے۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اکیسویں صدی کی دنیا کئی امیدوں کے ساتھ بھارت کی طرف دیکھ رہی ہے۔

☆ مدھیہ پردیش کے راج گڑھ ضلعے میں ایک سڑک حادثے میں 13 افراد ہلاک اور 15 زخمی ہوگئے۔

☆ **Exit Poll** کے اندازوں کے تناظر میں شروع کے کاروبار میں سنسیکس اور نفٹی نئی بلندی پر پہنچ گئے۔

☆ اور ٹی-ٹوینٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں بارباڈوس کے برج ٹاؤن میں نامبیا نے سپر اوور کے ذریعے **Oman** کو گیارہ رن سے ہرا دیا۔

---

**Music**
اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Counting**

کل لوک سبھا انتخابات کے ووٹوں کی گنتی کیلئے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ آندھرا پردیش اور اڈیشہ کے اسمبلی انتخابات اور اسمبلی حلقوں کے ضمنی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی بھی کل ہی ہوگی۔ گنتی کا عمل صبح 8 بجے شروع ہوگا۔ لوک سبھا کے 543 ارکان کو منتخب کرنے کیلئے 19 اپریل سے پہلی جون 2024 کے درمیان 7 مرحلوں میں

ووٹ ڈالے گئے تھے۔

انتخابی کمیشن نے کہا کہ گنتی کے رُجحانات اور نتائج، ECI کی ویب سائٹ : results.eci.gov.in پر دستیاب ہوں گے۔ یہ نتائج ووٹر ہیلپ لائن ایپ پر بھی دستیاب ہوں گے، جسے گوگل پلے اسٹور یا ایپل پلے اسٹور سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

چناؤ کمیشن نے، ریٹرنگ افسران اور کاؤنٹنگ ایجنٹس کیلئے ایک کتابچہ بھی جاری کیا ہے، جو اُس کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

کمیشن نے مزید کہا کہ گنتی سے متعلق انتظامات، ووٹوں کی گنتی کے عمل اور EVMs اور VVPATs کو رکھے جانے کے بارے میں مکمل جانکاری، ECI کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔×

## Odisha Counting

اڈیشہ میں کل، لوک سبھا کی کُل 21 سیٹوں اور 147 اسمبلی حلقوں کے ووٹوں کی گنتی کیلئے تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ انتخابی کمیشن نے ریاست میں 168 گنتی کے مراکز میں حفاظتی طریقۂ کار کو یقینی بنایا ہے۔ انتخابی کمیشن نے اڈیشہ میں انتخابات کے بعد امن و امان کو بحال رکھنے کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ ریاست میں 70 سے زیادہ مرکزی مسلح فورسز کی کمپنیوں کو جمعرات تک تعینات کیا گیا ہے۔ ریاست میں لوک سبھا انتخابات اور اسمبلی چناؤ کے ووٹوں کی گنتی ایک ساتھ کل کی جائے گی۔ x

## WB Repoll

مغربی بنگال میں آج Barasat اور متھرا پور پارلیمانی حلقوں کے دو پولنگ بوتھوں پر دوبارہ ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ کسی طرح کے بڑے ناخوشگوار واقعے کے بغیر پولنگ پُرامن طریقے سے ہونے کی اطلاع ملی ہے۔ سخت سیکورٹی انتظامات کئے گئے ہیں۔

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں مرحلے میں وہاں ہفتے کے روز پولنگ ہوئی تھی۔ اِن پولنگ مراکز پر ووٹنگ آج صبح سات بجے شروع ہوئی اور شام چھ بجے تک جاری رہے گی۔×

## Karnataka Legislative C Election

کرناٹک میں قانون ساز کونسل کی چھ خالی سیٹیں پُر کرنے کیلئے تین گریجویٹ اور تین ٹیچرس حلقوں کیلئے آج ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ پولنگ صبح آٹھ بجے شروع ہوئی اور سہ پہر چار بجے ختم ہوجائے گی۔

گریجویٹ حلقوں میں مجموعی طور پر تین لاکھ 63 ہزار رائے دہندگان ہیں، جبکہ ٹیچرس حلقوں میں ووٹروں کی تعداد 70 ہزار 260 ہے۔

انتخابی کمیشن نے ٹیچرس حلقوں کیلئے 170 پولنگ مراکز قائم کئے ہیں، جبکہ گریجویٹ حلقوں کیلئے 461 پولنگ بوتھ بنائے گئے ہیں۔ 78 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ ووٹوں کی گنتی جمعرات کو کی جائے گی۔×

## CEC Brefing

اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار نے کہا ہے کہ لوک سبھا انتخابات میں 64 کروڑ 20 لاکھ رائے دہندگان کی شمولیت کے ساتھ بھارت نے ایک عالمی ریکارڈ قائم کیا ہے۔ آج نئی دِلی میں نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے جناب راجیوکمار نے کہاکہ یہ تعداد G-7 کے سبھی ملکوں امریکہ، برطانیہ، فرانس، جرمنی، اٹلی، جاپان اور کناڈا کے رائے دہندگان سے ڈیڑھ گنا زیادہ ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ اِس لوک سبھا چناؤ میں 31 کروڑ 20 لاکھ خاتون ووٹرس نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا، جو دنیا میں اب تک کی سب سے بڑی تعداد ہے۔ اعلیٰ انتخابی کمشنر نے مزید کہا کہ اِس چناؤ میں صرف 39 مقامات پر دوبارہ پولنگ کرائی گئی، جبکہ 2019 کے عام انتخابات میں 540 بوتھوں پر دوبارہ ووٹنگ کرائی گئی تھی۔×

## Sonia Exit Poll

کانگریس کی سابق صدر سونیا گاندھی نے کہا ہے کہ اُنہیں امید ہے کہ لوک سبھا انتخابات کے نتیجے Exit Polls کے بالکل برعکس ہوں گے۔ وہ Exit Polls کے معاملے میں نئی دِلی میں میڈیا کے سوال کا جواب دے رہی تھیں، جس میں BJP کی زیرقیادت NDA کی کامیابی کی پیش گوئی کی گئی ہے۔

اِس سے پہلے محترمہ سونیاگاندھی نے تمل ناڈو کے سابق وزیراعلیٰ ایم کروناندھی کے یوم پیدائش کے موقع پر عقیدت کے پھول نذر کئے۔ کئی دیگر اپوزیشن لیڈروں نے بھی کروناندھی کو خراجِ عقیدت پیش کیا، جن میں DMK پارٹی کے لیڈر ٹی-آر-بالو، CPIM کے جنرل سکریٹری سیتارام یچوری اور نیشنل کانفرنس کے لیڈر فاروق عبداللہ شامل ہیں۔×

## Nitish Modi

بہار کے وزیر اعلیٰ اور JDU کے صدر نتیش کمار نے آج نئی دِلی میں وزیراعظم نریندر مودی سے اُن کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ کل لوک سبھا انتخابات کے نتیجے آنے سے ایک دن پہلے یہ میٹنگ ہوئی ہے۔×

## PM Bharat Thoguht

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اکیسویں صدی کی دنیا کئی امیدوں کے ساتھ بھارت کی طرف دیکھ رہی ہے۔ اُنھوں نے کہاکہ بھارت کا حکمرانی کا ماڈل دنیا کے کئی ملکوں کیلئے ایک مثال بن گیا ہے۔

ایک مراسلے کے ذریعے ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے جناب مودی نے کہاکہ عوام کی بہبود سے متعلق اچھی حکمرانی، امنگوں والے ضلعوں اور امنگوں والے بلاکوں جیسے اختراعی طور طریقوں پر آج عالمی سطح پر بات کی جارہی ہے۔ جناب مودی نے کہاکہ صرف دس سال میں 25 کروڑ لوگوں کو بااختیار بنا کر غربت سے اوپر لانا ایک ایسا عمل ہے، جس کی کوئی نظیر نہیں ملتی۔

وزیراعظم نے کہاکہ غریبوں کو بااختیار بنانے سے لے کر ہر شخص تک خدمات پہنچانے تک سرکار کی کوششوں سے دنیا کو ترغیب ملی ہے۔ جناب مودی نے چار شعبوں میں تیزی کے ساتھ کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا، جس میں اسپیڈ یعنی رفتار، اسکیل یعنی پیمانہ، اسکوپ یعنی گنجائش اور اسٹینڈرڈ یعنی معیار شامل ہیں۔ جناب مودی نے اِس بات کو اُجاگر کیا کہ جی-20 کی سربراہ کانفرنس کی کامیابی کے بعد سے دنیا بھارت کیلئے اور زیادہ بڑے رول کے نظریے کی وکالت کررہی ہے۔

جناب مودی نے کہاکہ آج بھارت کو دنیا کے کم ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ملکوں کی ایک مضبوط اور اہم آواز کے طورپر تسلیم کیا جارہا ہے اور افریقی یونین بھارت کی پہل پر جی-20 گروپ کا حصہ بن گئی ہے۔ وزیراعظم نے کہاکہ افریقی ملکوں کے مستقبل کیلئے یہ ایک اہم موڑ ثابت ہونے والا ہے۔

کنیاکماری میں تین دن کے اپنے روحانی سفر کے بارے میں بات کرتے ہوئے جناب مودی نے کہاکہ کنیاکماری کی یہ سرزمین اتحاد کا ایک ناقابل فراموش پیغام دیتی ہے، خاص طور پر ایسے کسی بھی شخص کو، جو بھارت کے ہم قومیت ہونے اور اتحاد کے جذبے پر شک کرتا ہو۔

جناب مودی نے کنیاکماری سے دِلی واپس آتے ہوئے ہوائی جہاز میں پرواز کے دوران اِس مہینے کی پہلی تاریخ کو یہ خیالات تحریر کئے ہیں۔×

## MP Accident

مدھیہ پردیش میں کل رات، راجستھان-راج گڑھ سرحد کے نزدیک ایک ٹریکٹر کے پلٹ جانے سے 13 افراد ہلاک اور 15 لوگ زخمی ہوگئے۔ راج گڑھ کے کلکٹر ہرش دکشت نے صحافیوں کو بتایا کہ راجستھان کے کچھ لوگ ایک ٹریکٹر میں سوار ہوکر شادی کی تقریب میں شرکت کیلئے مدھیہ پردیش جا رہے تھے۔ ریاست کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے کہا کہ ریاستی حکومت، راجستھان سرکار کے ساتھ رابطے میں ہے۔ زخمیوں کا علاج راج گڑھ کے ضلع اسپتال

میں کیا جا رہا ہے۔ سنگین طور پر زخمی افراد کو علاج کیلئے بھوپال بھیج دیا گیا ہے۔x

## Prez and VP MP Accident

مدھیہ پردیش کے راج گڑھ ضلع میں ایک سڑک حادثے میں لوگوں کی موت ہونے پر صدر جمہوریہ اور نائب صدر نے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ اِس سڑک حادثے سے اُنہیں بہت دُکھ ہوا ہے۔ اُنہوں نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔

نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ اِس المناک سڑک حادثے میں لوگوں کی جان تلف ہونے سے اُنہیں دُکھ ہوا ہے۔ جناب دھنکھڑ نے سوگوار کنبوں سے تعزیت کا اظہار کیا ہے اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی ہے۔x

## Stock Market

ملک کے شیئر بازاروں میں آج شروع کے کاروبار میں زبردست اُچھال دیکھنے میں آیا۔ Exit Polls کے اندازوں کے تناظر میں ایسا ہوا ہے، جن میں بیشتر جائزوں میں یہ بات کہی گئی ہے کہ BJP کی زیرقیادت NDA لگاتار تیسری مدت کیلئے اقتدار میں واپس آنے کیلئے تیار ہے۔

بامبے اسٹاک ایکسچینج کے سنسیکس میں دو ہزار 778 پوائنٹ یعنی پونے چار فیصد کا اضافہ ہوا اور یہ 76 ہزار 739 پر پہنچ گیا، جو اب تک کی سب سے اونچی سطح ہے۔ اِسی طرح نیشنل اسٹاک ایکسچینج کا نفٹی بھی 808 پوائنٹ یعنی تین اعشاریہ پانچ-آٹھ فیصد کے اضافے کے ساتھ 23 ہزار 339 پر پہنچ گیا، جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔x

## NHAI Toll Plazas

قومی شاہراہوں سے متعلق بھارتی اتھارٹی نے پورے ملک میں ٹول ٹیکس میں اوسطاً پانچ فیصد کا اضافہ کیا ہے۔ اتھارٹی کے ایک اہلکار نے بتایا کہ نئی فیس کا اطلاق آج سے ہوگیا ہے۔ قومی شاہراہوں کے ملک کے وسیع و عریض نیٹ ورک میں 900 سے زیادہ ٹول پلازہ ہیں۔x

## Mother Dairy

Mother Dairy نے آج سے دودھ کی قیمتوں میں 2 روپے فی لیٹر کا اضافہ کیا ہے۔ ایک بیان میں

Mother ڈیری نے کہا کہ دودھ کی قیمت میں یہ اضافہ، دودھ کی پیداوار کی بڑھی ہوئی لاگت کے سبب دودھ کی پیداوار کرنے والے افراد کو مناسب رقم کی ادائیگی کیلئے کیا گیا ہے۔ x

## Amul Milk Price

Amul برانڈ کے تحت دودھ اور دودھ کی مصنوعات مارکیٹ کرنے والے گجرات کو آپریٹو Milk مارکیٹنگ فیڈریشن، GCMMF نے دودھ کی قیمتوں میں 2 روپے فی لیٹر کا اضافہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ دودھ کی نئی قیمت کا اطلاق کل سے ہوگا۔ اِس کے ساتھ ملک بھر کے تمام بازاروں میں Amul دودھ کی قیمت دو روپے فی لیٹر بڑھ جائے گی۔ GCMMF نے اِس سے پہلے فروری 2023 میں دودھ کی قیمت میں اضافہ کیا تھا۔ x

## Karnatka Heavy Downpour

کرناٹک کے بنگلورو شہر میں کل رات 111 ملی میٹر سے زیادہ بارش ہوئی۔ اِس طرح وہاں ایک ہی دن میں اتنی بارش ہونے کا 133 سال پرانا ریکارڈ ٹوٹ گیا۔ اِس سے پہلے 16 جون 1891 کو 110 اعشاریہ تین ملی میٹر بارش ہوئی تھی۔

موسلادھار بارش سے روزمرہ کی زندگی متاثر ہوئی ہے۔ 100 سے زیادہ درخت جڑ سے اُکھڑ گئے اور تقریباً 500 سے زیادہ درختوں کی شاخیں ٹوٹ کر گر گئیں۔ بارش سے املاک کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ سڑکوں اور نچلے علاقوں میں پانی بھر جانے سے لوگوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بجلی کے کھمبوں اور ٹرانسفارمرس کو نقصان پہنچنے کی وجہ سے بجلی کی فراہمی میں رکاوٹ پڑی ہے۔

میٹرو ٹریک پر ایک درخت کے گر جانے سے رات میں ٹرین خدمات میں رکاوٹ پڑی۔x

## T-20 World Cup

ٹی-ٹوینٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں بارباڈوس کے برج ٹاؤن میں نامیبیا نے سپر اوور کے ذریعے Oman کو گیارہ رن سے ہرا دیا۔ Oman کی ٹیم صرف 109 رن ہی بناسکی تھی، البتہ نامیبیا نے سپر اوور میں بغیر کسی نقصان کے 21 رن بنائے۔

آج کے دوسرے میچ میں نیویارک میں سری لنکا کا مقابلہ جنوبی افریقہ سے ہوگا۔ یہ میچ رات آٹھ بجے شروع ہوگا۔x

## French Open

ٹینس میں بھارت کے ٹینس کھلاڑی روہن بوپنا اور ان کے آسٹریلیائی ساتھی میتھیو Ebden کل رات پیرس میں فرنچ اوپن 2024 میں مردوں کے ڈبلز مقابلے کے تیسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے۔ بوپنا اور Ebden نے برازیل کے Marcelo Zormann اور Orlando Luz کی جوڑی کو شکست دی۔ بھارت اور آسٹریلیا کی ٹینس جوڑی کو دوسرے راؤنڈ میں ارجنٹینا کے Sebastian Baez اور برازیل کے Thiago Seyboth Wild سے مقابلہ کرنا تھا لیکن ان کے حریف، مقابلے سے دستبردار ہوگئے۔

اب بوپنا اور ایبڈن کا مقابلہ گرینڈ سلیم کے تیسرے راؤنڈ میں بھارت اور میکسیکو کی جوڑی این سری رام بالاجی اور Miguel Angel Reyes Varela Martinez سے ہوگا۔×

☆☆☆☆☆☆☆